کی فلسفیانہ اور ادبی قدر و قیمت پر دلچسپ اور مفید کلام کیا ہے امید ہے کہ ارباب ذوق ان دونوں کتابوں کا مطالعہ کر کے لطف اندوز ہوں گے۔

**حیات ز۔خ۔ش** | از محترمہ انیسہ ہارون بیگم شروانیہ۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۲۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت تین روپئے پتہ :۔ مہتمم مطبوعات۔ مسعود منزل حمایت نگر۔ حیدرآباد دکن۔

زاہدہ خاتون شروانیہ نواب سر مزمل اللہ خاں مرحوم کی دختر نیک اختر اور شروانی خاندان علی گڈھ کی چشم و چراغ تھیں ان میں شعر و شاعری کا ذوق بچپن سے ہی تھا ماں باپ کی نگرانی اور اہتمام میں اعلیٰ تعلیم و تربیت نے اس ذوق کو جلا دے کر اس کو اس قدر استوار اور پختہ کر دیا کہ مرحومہ نو عمری میں ہی پختہ مشق شاعرہ ہو گئیں مرحومہ اپنے باپ کے مسلک کے برخلاف قومی اور سیاسی معاملات و مسائل میں قوم پرورانہ نقطہ نظر رکھتی تھیں اور اس نقطہ نظر اور جذبات کو نظم کے پیرایہ میں ظاہر کرتی تھیں یہ نظمیں ز۔خ۔ش کے نام سے چھپتی تھیں مرحومہ کا نوجوانی میں یعنی ۲۷ سال کی عمر میں انتقال ہو گیا ورنہ اگر وہ عمر پاتیں تو کوئی شبہ نہیں کہ اردو کے صف اول کے اساتذہ سخن میں ان کا شمار ہوتا۔

اس کتاب میں محترمہ انیسہ ہارون بیگم شروانیہ نے انھیں مرحومہ زاہدہ خاتون شروانیہ کے حالات و سوانح لکھے ہیں جو دلچسپ بھی ہیں۔ معلومات افزا بھی اور آج کل کی بہت سی تعلیم یافتہ لڑکیوں کے لئے سبق آموز بھی۔ محترمہ انیسہ ہارون خود اردو زبان کی شاعرہ اور ادیبہ ہیں اور مرحومہ کی چچازاد بہن بھی ہیں اس لئے اس کتاب میں ادبیت اور سخن طرازی کے ساتھ درد اور سوز و گداز بھی ہے اور ان دونوں باتوں نے مل کر کتاب کو بہت وقیع بنا دیا ہے۔

**صحیفۂ ھمام بن منبہ** | مرتبہ جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ تقطیع کلاں ضخامت ۱۴۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ہیے، پتہ :۔ الہدی بک ایجنسی۔ نظام شاہی روڈ۔ حیدرآباد دکن۔